# فروغِ نعت میں پروفیسر محمد اکرم رضا کی خدمات کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ


خاکہ نگار

**آمنہ شوکت**

رول نمبر:17349

نگران مقالہ

**سید منیر حسین شاہ**

شعبہ اُردو

فیکلٹی آف سوشل سائنسز اینڈ ہیومینیٹیز

رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی فیصل آباد کیمپس فیصل آباد


سیشن:۲۰۲۰ء-۲۰۲۲ء

# فہرست عنوانات


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | تصدیق نامہ | 2 |
| 2 | تعارفِ موضوع | 3 |
| 3 | ضرورت و اہمیت | 3 |
| 4 | مقاصد تحقیق | 4 |
| 5 | تحدید موضوع | 4 |
| 6 | منہج تحقیق | 4 |
| 7 | سابقہ کام کا جائزہ | 4 |
| 8 | ابواب بندی | 5 |
| 9 | مصادر و مراجع | 9 |

# تصدیق نامہ

ایم۔فل اردو کی **آمنہ شوکت** رول نمبر 17349 نے اپنا خاکہ بہ عنوان **"فروغِ نعت میں پروفیسر محمد اکرم رضا کی خدمات کا تحقیقی جائزہ"** میری نگرانی میں تحریر کیا ہے۔ میری دانست میں خاکہ ایم۔فل کی سطح کی تحقیق کے لیے موزوں ہے۔ نیز یہ خاکہ نگار جو فروغِ نعت میں پروفیسر محمد اکرم رضا کی خدمات کا تحقیقی جائزہ پر کام کرنا چاہتی ہے۔ مَیں اس سے مطمئن ہوں۔

نگران مقالہ

**سید منیر حسین شاہ**

رفاہ انٹر نیشنل یونیورسٹی فیصل آباد کیمپس، فیصل آباد

---------------------------

ڈاکٹر منظور احمد طاہر

سیکرٹری ریسرچ کمیٹی (شعبہ اُردو)

رفاہ انٹر نیشنل یونیورسٹی فیصل آباد کیمپس، فیصل آباد

## تعارفِ موضوع:

پروفیسر محمد اکرم رضا 15 جنوری 1946 کو گوجرانوالہ کے نواحی گاؤں کوٹلی نواب سعد اللہ خان میں پیدا ہوئے۔ان کا نام محمد اکرم اور قلمی نام محمد اکرم رضا ہے۔وہ ادیب، شاعر، محقق، نقاد اور مقرر، ہمارے ادبی اور مذہبی حلقوں میں بہت احترام اور قدر کی نظر سے دیکھے جاتے تھے۔ستر کی دھائی سے مسلسل نعت کے مختلف پہلوؤں پر انہوں نے مختلف رسائل و جرائد میں بے شمار مضامین لکھے ہیں۔اور یہ سلسلہ تا دم مرگ بھی جاری و ساری رہا۔پاکستان سے شائع ہونے والے تمام رسائل و جرائد میں ان کے مضامین کی شمولیت اس بات کی غماز ہے کہ انہوں نے فروغِ نعت کے لیے نکلنے والے ہر جریدے کی قلمی سرپرستی کی۔نعت رنگ سے ان کا تعلق کئی شماروں کی اشاعت کے بعد قائم ہوا جس کا ملال اکثر ان کی گفتگو میں سامنے آتا رہا۔مگر اس تاخیر کی تلافی انہوں نے اس طرح کی کہ نعت رنگ کے ایک شمارے میں ایک سے زیادہ مضامین پیش کیے اور ان کی اشاعت پر اپنی خوشی کا ظہار کیا۔وہ اکثر کہتے تھے کہ مجھے نعت رنگ کی تحریک میں شمولیت پر فخر ہے۔ان کی نثری کتب نعتیہ ادب کے مطالعاتی جائزوں کو وسیع تر کرنے میں معاون ثابت ہوں گی۔کاروانِ نعت کے حدی خواں، مہرِ عالم تابِ نعت، تاجدارِ ملکِ سخن، قافلہء شوق کے مسافر اور ان کے انتقال سے صرف چند روز قبل شائع ہونے والی کتاب "نعتیہ ادب کے تنقیدی نقوش"، فروغِ نعت میں ان کی بے مثال خدمات کا آئینہ ہیں جسے وقت کی گرد کبھی دھندلا نہیں سکے گی۔ان کا شعری مجموعہ "توفیقِ ثنا" بھی ان کے توشہء آخرت کے طور پر اسی سال شائع ہوکر محفوظ ہوگیا تھا۔وہ گزشتہ کئی سال سے اپنی ضعیف العمری اور اس کے حوالے سے پیدا ہونے والی بیماریوں سے نبرد آزما تھے۔

اپنی عمر کے آخری حصے میں اپنی کتابوں کی ترتیب و اشاعت کے حوالے سے ان کی برق رفتاری سے صاف ظاہر تھا کہ ایک مسافر، سفر پر جانے کی تیاری میں مصروف ہے۔۲۵/جون ۲۰۱۲ء کو نعت کے منظر نامے سے ایک اور اہم روشن ستارہ ہماری نظروں سے اوجھل ہوکر موت کی تاریکی میں گم ہوگیا۔

ان کی نعت نگاری کا ایک منفرد انداز یہ ہے کہ ان کی نعت نگاری فدویت و جاں سپاری کی مظہر ہے انہیں آدابِ نعت اور احترام سیرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا پورا پاس ہے انہوں نے نعت میں اپنے رنگ خاص کے سبب انفرادیت حاصل کی ہے۔ قرآن کریم اور احادیث رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے انہوں نے اپنے مضامین نعت اخذ کئے ہیں۔ عشق رسول کا جذبہ ان کا فطری جذبہ ہے اور وہ شہرت وناموری کی آرزو کے بغیر اس صنف سے وابستہ ہیں۔

## ضرورت واہمیت:

محمد اکرم رضا کی نعت کا جائزہ وقت کی ایک اہم ضرورت ہے ان کے نعتیہ مجموعے نیز حمد ومناقب کی کئی کتابیں چھپ چکی ہیں جو ایک تفصیلی جائزے کی متقاضی ہیں اگر ان کی نعت کے فکری وفنّی پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے تو مجھے یقین ہے

کہ یہ اردو کے نعتیہ ادب کی بڑی خدمت ہو گی۔ان کی کتابوں پر ابھی تک کسی قسم کا کوئی کام نہیں ہوا لہٰذا اس بات کی ضرورت ہے کہ پروفیسر محمد اکرم رضا کے کلام کو منظر عام پر لایا جاسکے مجھے امید ہے کہ میرا یہ کام آنے والے محققین کے لیے مفید ثابت ہو گا۔

## مقاصدِ تحقیق:

نعت کی صنف جسے عام طور پر موضوع محض سے تعبیر کیا جاتا ہے اس میں شعری محاسن کا جو بڑا عمدہ اور فنّی طور پر پختہ ذخیرہ موجود ہے۔اردو کی معاصر نعتیہ شاعری میں محمد اکرم رضا کی نعتیہ خدمات کا جائزہ لینا اور شاعری میں ان کے محاسن کا تعین بڑا مقصد تحقیق ہے۔اس مقالے سے اُن کے مقام و مرتبہ کا اندازہ لگانا بھی تحقیقی مقاصد میں شامل ہے۔ خصوصاً ان کے محاکات نے اردو کی معاصر نعتیہ شاعری میں جو اضافہ کیا ہے اس کی اہمیت واضح کرنے کی کوشش میں مقصدِ تحقیق ہے۔

## تحدید موضوع:

زیرِ نظر مقالہ کا موضوع محمد اکرم رضا کی نعت نگاری پر محدود ہو گا۔ اس ضمن میں ابواب بندی کر کے زیرِ بحث موضوع کا احاطہ تحریر میں لایا جائے گا اور شاعر کے مطبوعہ کلام کا جائزہ لیا جائے گا۔

## منہجِ تحقیق:

مقالہ ہذا کی تیاری میں بنیادی مآخذ سے استفادہ کیا جائے گا بوقت ضرورت ثانوی مآخذ سے بھی رجوع کیا جائے گا۔ حوالہ جات اور کتابیات کے اندراج کے لئے شکاگو سٹائل اور رفاہ انٹر نیشنل یونیورسٹی شعبہ اردو کے مقررہ فارمیٹ کو مد نظر رکھا جائے گا۔

## سابقہ کام کا جائزہ:

محمد اکرم رضا کی نعت گوئی پر اس سے قبل پاکستان کی کسی بھی جامعہ میں ایم فل یا پی ایچ ڈی کی سطح پر کوئی تحقیقی کام نہیں ہوا تاہم یہ زیر نظر موضوع پر اس حوالے سے پہلی کاوش ہے۔

# ابواب بندی

**بابِ اوّل:**

محمد اکرم رضا ـــــــ احوال و آثار

**بابِ دوم:**

محمد اکرم رضا کی نعتیہ شاعری کا فکری مطالعہ

**بابِ سوم:**

محمد اکرم رضا کی نعتیہ شاعری کا فنّی مطالعہ

**بابِ چہارم:**

محمد اکرم رضا کی خدمات کی تحقیقی و تنقیدی جائزہ

فصل اول تحقیقی جائزہ

فصل دوئم تنقیدی جائزہ

**ماحصل**

**مصادر و مراجع**

**ضمائم**

# تفصیل ابواب

## باب اوّل:

### محمد اکرم رضا——احوال و آثار


۱۔ ولادت

۲۔ تعلیم

۳۔ شعر و شاعری کا آغاز

۴۔ تخلص

۵۔ شادی

۶۔ اولاد

۷۔ اساتذہ کرام

۸۔ ملازمت

۹۔ اخلاق و کردار

۱۰۔ عشق رسول

۱۲۔ نعت گوئی کے ابتدائی نمونے

۱۳۔ تصانیف

۱۴۔ نعتیہ انجمنوں اور احباب سے تعلق

۱۵۔ وفات


## باب دوم:

### محمد اکرم رضا کی نعتیہ شاعری کا فکری مطالعہ


۱۔ نعت کا فکر و فن

۲۔ اردو نعت کی روایت

۳۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق

۴۔ اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی برکات

۵۔ مدینے کا ذکر

۶۔ عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم

۷۔ آرزوئے دیدارِ مصطفیٰ

۸۔ حمدیہ مضامین

۹۔ نعت نگاری

۱۰۔ سلام ومنقبت

۱۱۔ مابعد الطبیعاتی موضوعات

۱۲۔ حمد نگاری کا منفرد اسلوب

۱۳۔ درودی مضامین

## باب سوم:

## محمد اکرم رضا کی نعتیہ شاعری کا فنّی مطالعہ

۱۔ اصناف اور ہیئتوں پر تنوع

۲۔ جذبات نگاری

۳۔ مکالمے کا انداز

۴۔ امیجری / تمثال نگاری

۵۔ تشبیہ

۶۔ استعارہ

۷۔ محاسن شعری

۸۔ دیگر فنّی محاسن

۹۔ علامتی اور تلازماتی اظہار

۱۰۔ سلاست اور روانی

۱۱۔ اخلاص اور تاثیر

۱۲۔ تراکیب

## باب چہارم:

## محمد اکرم رضا کا ادبی مقام ومرتبہ

ناقدین اور شعرا کی نظر میں

ماحصل

مصادر و مراجع

ضمائم

# مصادر و مراجع

## بنیادی مآخذ:


- محمد اکرم رضا، "حسن تکلم""، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۹۲ء
- محمد اکرم رضا، "روح تکلم""، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۹۴ء
- محمد اکرم رضا، "ضرب تکلم"، فروغ ادب اکادمی، گوجرانوالہ، ۲۰۰۰ء
- محمد اکرم رضا، "نعتیہ ادب کے تنقیدی نقوش""، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۸ء
- محمد اکرم رضا، "قافلۂ شوق کے مسافر""، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۹۷ء
- محمد اکرم رضا، "کاروانِ نعت کے حدی خوان"، فروغ ادب اکادمی، گوجرانوالہ، ۱۹۸۹ء
- محمد اکرم رضا، "تاجدارِ ملک سخن" ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۸ء
- محمد اکرم رضا، "میلادِ مصطفیؐ" ضیاء القرآن پبلی کیشنز، ۲۰۰۳ء
- محمد اکرم رضا، "سلام بحضور سید الانام" ضیاء القرآن پبلی کیشنز، ۲۰۰۲ء، لاہور
- محمد اکرم رضا، "توفیقِ ثنا" فروغ ادب اکادمی، گوجرانوالہ، ۲۰۰۷ء
- محمد اکرم رضا، "حیات شیخ الاسلام" فروغ ادب اکادمی، گوجرانوالہ، ۲۰۰۹ء
- محمد اکرم رضا، "شہریار خطابت" فروغ ادب اکادمی، گوجرانوالہ، ۲۰۱۰ء
- محمد اکرم رضا، "جمالِ فقیر" فروغ ادب اکادمی، گوجرانوالہ، س ن
- محمد اکرم رضا، "مجلہ مہک کا گوجرانوالہ نمبر" فروغ ادب اکادمی، گوجرانوالہ، س ن
- محمد اکرم رضا، "انعام یافتہ ہستیاں" فروغ ادب اکادمی، گوجرانوالہ، ۲۰۱۱ء
- محمد اکرم رضا، "مثالی خواتین اسلام"، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور س ن
- محمد اکرم رضا، "تجلیات مخدوم"، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور س ن
- محمد اکرم رضا، "رہنمائے عمرہ"، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور س ۲۰۰۰ء
- محمد اکرم رضا، "مرکز تجلیات"، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور ۱۹۹۶ء


## ثانوی مآخذ:


- ابو سراج الدین، "حیات سرور کائنات محمد"، پروگریسو بکس، ۱۹۹۴ء
- اثر، محمد علی، پروفیسر ڈاکٹر، "مدحتِ رسولِ اکرمؐ (دکنی غزلوں میں)" نشاط پبلشرز، حیدرآباد (بھارت) ۲۰۰۹ء
- احمد زہری، محمد، ڈاکٹر، "محاضرات سیرت"، الفیصل ناشران و تاجران کتب اردو بازار، لاہور، ۱۰۶۰ء

- اختر الحامدی، سید محمد مرغوب احمد، "امام نعت گویاں"، مکتبہ فریدیہ، ساہیوال ۲۰۰۶ء
- اختر، محمد شفیق، "نعت حقیقت کے آئینے میں"، لٹریری کونسل پاک شمع اسکول اینڈ کالج، دوحہ ۲۰۰۵ء
- ادیب رائے پوری، "مدارج النّعت"، کراچی باراوّل ۱۹۹۳ء
- ایضاً، "مشکٰوۃ النعت"، پاکستان نعت اکیڈمی کراچی ۱۹۹۳ء
- ایضاً، "نعتیہ ادب میں تنقید و مشکلات تنقید"، مدحت پبلیشرز کراچی ۱۹۹۹ء
- اشفاق، سید رفع الدین، پروفیسر ڈاکٹر، "اردو میں نعتیہ شاعری"، اردو اکیڈمی سندھ، کراچی ۱۹۷۶ء
- اعوان، ارشاد شاکر، "عہدِ رسالت میں نعت"، مجلس ترقی ادب، لاہور ۱۹۹۳ء
- اکرم، الازہریؒ، محمد، شاہ، "ضیاء النبی"، پہلا ایڈیشن، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۴۸ء
- اُمّ زبیر (مؤلف)، "میلادالنبیؐ"، ادارۂ بتول، لاہور ۱۹۸۴ء
- آسی، محمد حسین، پروفیسر، "میلاد شریف اور بعض روایات"، مقتبہ نقش لاثانی، شکر گڑھ ۲۰۰۲ء
- برق، طلحہ رضوی، پروفیسر ڈاکٹر، "اردو کی نعتیہ شاعری"، بہار ۱۹۷۴ء
- جاذب قریشی، "نعت کے جدید رنگ"، بھوپال انٹرنیشنل فورم، کراچی (س۔ن)
- جاوید، محمد اقبال، پروفیسر، "بیسویں صدی کے رسول نمبر"، فروغِ ادب اکادمی، گوجرانوالہ ۱۹۹۹ء
- جوہر فریادی، "سیرت رسول مقبول"، ادارہ سرقیہ کالی، حیدرآباد، دکن، ۱۹۴۱ء
- چغتائی، محمد حیات، "فنی نعت کی نئی جہات"، مکتبہ الہام، بہاولپور، ۲۰۰۶ء
- رضوی، شفقت، پروفیسر، "اردو میں حمد گوئی چند گوشے"، جہانِ حمد پبلی کیشنز، کراچی، ۲۰۰۲ء
- ایضاً، "اردو میں نعت گوئی چند گوشے"، جہانِ حمد پبلی کیشنز، کراچی، ۲۰۰۲ء
- ایضاً، "نعت رنگ کا تجزیاتی و تنقیدی مطالعہ"، مہر منیر اکیڈمی، کراچی، ۲۰۰۴ء
- ریاض مجید، ڈاکٹر، "اردو میں نعت گوئی"، اقبال اکادمی، لاہور ۱۹۹۰ء
- زیدی، سید شجاعت علی طالب، "ادیب رائے پوری فن اور شخصیت"، مدحت پبلیشرز، کراچی، ۲۰۰۰ء
- ساقی، نشاط احمد (مرتب)، "۲۰۰۰ء ثناخوانِ رسول"، خزینہ علم و ادب، لاہور ۲۰۰۰ء
- سعید البطوطیؒ، محمد، ڈاکٹر، "دروس سیرت"، میٹرو پرنٹرز، ۲۰۱۰ء
- سید سلیمان ندوی، "سیرۃ النبی" پانچ جلدیں، مطبع معارف، اعظم گڑھ، ۱۹۷۸ء
- شاہ جہان پوری، ابو سلمان، ڈاکٹر (مؤلف)، "تذکرہ نعت گو شاعرات"، ادارہ تصنیف و تحقیق، کراچی، ۱۹۸۴ء
- شاہ، سید یونس، پروفیسر (مؤلف)، "تذکرہ نعت گویانِ اردو"، الگیلان پبلیشرز، ایبٹ آباد، ۱۹۸۲ء
- شاہین اشرف، "بہارِ سیرت"، اعلی برقی پریس، دہلی، ۱۹۸۲ء
- شبلی نعمانی، "سیرۃ النبی"، مطبع معارف، اعظم گڑھ، ۱۹۱۲ء

- عاصی کرنالی، پروفیسر ڈاکٹر، "اردو حمد و نعت پر فارسی شعری روایات کا اثر"، اقلیمِ نعت، کراچی، ۲۰۰۱ء
- عزیز احسن، "اردو نعت اور جدید اسالیب"، فضلی سنز، کراچی، ۱۹۹۸ء
- عزیزی، عبد النعیم، ڈاکٹر، "اردو نعت گوئی اور فاضل بریلوی"، ادارہ تحقیقات، کراچی، ۲۰۰۸ء
- فتح پوری، فرمان، ڈاکٹر، "اردو کی نعتیہ شاعری"، حلقہ نیاز و نگار، کراچی ۱۹۹۸ء
- قاسم، سید محمد (مؤلف)، "پاکستان کے نعت گو شعراء"، (جلد اوّل)، ہارون اکیڈمی، کراچی، ۱۹۹۳ء
- کشفی، سید محمد ابوالخیر، ڈاکٹر، "نعت اور تنقیدِ نعت"، طاہرہ کشفی میموریل سوسائٹی، کراچی، ۲۰۰۱ء
- ایضاً، "نعت اور تنقیدِ نعت"، (مع اضافہ) نعت ریسرچ سینٹر، کراچی، ۲۰۰۹ء
- (مؤلف)، "نعت کے چند شعرائے متقدمین"۔ تفصیلات ندارد۔ ۱۹۸۹ء
- ماہر القادریؒ، "درِ یتیم"، مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی، ۲۰۱۰ءء
- محمود، راجا رشید، "پاکستان میں نعت"، ایجوکیشنل ٹریڈرز، لاہور، ۱۹۹۴ء
- مناظر، حسن گیلانی، مولانا، "النبی الخاتم"، زاہد پرنٹنگ پریس، لاہور، ۱۹۳۸ء
- نعیم صدیقی، مولانا، "محسنِ انسانیت"، الفیصل ناشران و تاجران کتب اردو بازار، لاہور، ۱۹۶۰ء


## لغات:


- احمد دہلوی، سید، مولوی،: "فرہنگ آصفیہ" جلد اول، مرکزی اردو بورڈ، لاہور، ۱۹۷۷ء
- اردو لغت "تاریخی اصولوں پر" جلد پنجم،، اردو ڈکشنری بورڈ، کراچی، س ن
- شان الحق، حقی "فرہنگ تلفظ"، مقتدرہ قومی زبان اردو، اسلام آباد، ۲۰۰۱ء
- فیروزالدین الحاج، مولوی، "فیروز اللغات فارسی"، فیروز سنز، لاہور، ۱۹۵۴ء
- نورالحسن نیر، مولوی، "نوراللغات" جلد اول، سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۸۹ء


## رسائل:


- نعت رنگ، پروفیسر محمد اکرم رضا نمبر، شمارہ ۲۶
- مفیض، پروفیسر محمد اکرم رضا نمبر، گوجرانوالہ، جون ۲۰۱۳ء


## Websites:


- www.naatresearchcentre.com
- www.naatkainaat.org
- www.rekhta.org
- www.ur.wikipedia.org